2815 ـ اختلاف دين اور ايك دوسرے كي وراثت پر اس كا اثر

سوال

كيا مسلمان شخص اپنے قريبي كافر عزيز كي موت كي صورت ميں يا اس كےبرعكس كافر قريبي مسلمان كي موت كي صورت ميں ايك دوسرے كا وارث بن سكتا ہے ؟
اور مختلف اديان كےلوگوں كا ايك دوسرے كي وراثت حاصل كرنے كے متعلق مسلمان كا موقف كيا ہے ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

اختلاف دين وراثت كےموانع ميں سے ايك مانع ہے ، لهذا متفقه طور پر كافر مسلمان شخص كا وارث نہيں ہوسكتا اور اسي طرح مسلمان بھي كافر كا وارث نہيں بن سكتا كيونكه رسول كريم صلي الله عليه وسلم كا فرمان ہے:

مسلمان كافر كا اور كافر مسلمان كا وارث نہيں بنےگا. صحيح بخاري حديث نمبر (6262)

اور اگر تركه كي تقسيم سےقبل اسلام قبول كرلے تو امام احمد رحمه الله تعالي كےہاں وه ترغيب اسلام كےليے وارث بنےگا ، اور كفار كا آپس ميں ايك دوسرے كا وارث بننےكےباره ميں امام ابوحنيفه اور امام شافعي رحمهماالله كا مسلك اور امام احمد رحمه الله كي ايك روايت يه ہےكه ان كي آپس ميں ايك دوسرے كي وراثت ہوگي اگرچه ان كےدين مختلف ہيں كيونكه الله تعالي كا فرمان ہے:

اورجنہوں نےكفر كيا وه ايك دوسرے كے دوست ہيں الانفال (73)

اور اس ليے كه دين مختلف ہونےكے باوجود وه مسلمانوں كي دشمني ميں يك جان دوقالب ہيں .